# حاصلاتِ تعلم کے مطابق تشکیلی اور حتمی جانچ

**جماعت:** ششم **مضمون:** اُردو **سبق:** برسات (نظم)

**معیار:** سننا

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-06-A-01)

اپنی جماعت کے معیار کے مطابق کہانی، نظم، واقعہ، خطبہ، گفتگو، ڈرامہ اور ہدایت سُن کر سوالات کے زبانی جواب دے سکیں۔

حاصلاتِ تعلیم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| برسات (نظم)<br>درج ذیل اشعار کو چند طلبہ اتار چڑھاؤ کے ساتھ پڑھیں گے اور باقی طلبہ سُن کر نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھیں گے۔<br>وہ دیکھو! اُٹھی کالی کالی گھٹا<br>ہے چاروں طرف چھانے والی گھٹا<br>گھٹا کے جو آنے کی آہٹ ہوئی<br>ہَوا میں بھی اِک سنسناہٹ ہوئی<br>گھٹا آکر ، مینھ جو برسا گئی<br>تو بے جان مٹی میں جان آ گئی<br>1۔ درج ذیل شعر کو اتار چڑھاؤ کے ساتھ پڑھیں۔<br>گھٹا کے جو آنے کی آہٹ ہوئی<br>ہوا میں بھی اک سنسناہٹ ہوئی<br>2۔ درج ذیل الفاظ کے معانی بتائیں۔<br>گھٹا۔ سنسناہٹ<br>3۔ مصرع مکمل کریں۔<br>گھٹا آکر جو برسا گئی<br>4۔ گھٹا کس چیز کا سبب بنی؟<br>(الف)۔ بارش، (ب) ہوا، (ج) برف باری، (د) دُھند<br>5۔ تو بے جان مٹی میں جان آ گئی<br>مصرع کا مفہوم بتائیں۔ | یاد میں آنا | 1 | |
| درج ذیل اشعار ہمارے قومی شاعر علامہ اقبال کی نظم "ایک آرزو" کے ابتدائی تین اشعار سُن کر درج ذیل سوالات کے جواب بیان کریں۔<br>دنیا کی محفلوں سے اُکتا گیا ہوں یا رب ، کیا لطف انجمن کا جب دل ہی بُجھ گیا ہو<br>شورش سے بھاگتا ہوں ، دل ڈھونڈتا ہے میرا، ایسا سکوت جس پر تقریر بھی فدا ہو | یاد میں لانا | | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | | مرتا ہوں خامشی پر، یہ آرزو ہے میری، دامن میں کوہ کے اک، چھوٹا سا جھونپڑا ہو<br>1۔ پہلے شعر میں شاعر نے کن محفلوں کا ذکر کیا ہے؟<br>2۔ تیسرے شعر کے مطابق شاعر کس چیز پر مرتا ہے؟<br>3۔ شاعر کی آرزو کیا ہے؟<br>4۔ ان اشعار کے شاعر کا نام بتائیں؟ |
| | | یاد میں لانا | دعا (نظم)<br>درج ذیل اشعار کو سُن کر سوالات کے جوابات دیں۔<br>سُن لے معصوم دل کی صدا اے خدا!<br>نیک انساں ہمیں بھی بنا، اے خدا!<br>کوئی کینہ ہو دل میں نہ نفرت رہے<br>ہر بُرائی سے ہم کو بچا، اے خدا!<br>عقل و انصاف، رحم و کرم ، نیکیاں<br>ہم کو بھی ، یہ دولت عطا، اے خدا!<br>1۔ ان اشعار میں شاعر کن کے حضور میں دعا کر رہا ہے؟<br>2۔ تیسرے شعر میں شاعر نے کس دولت کا تقاضا کیا ہے؟<br>3۔ پہلے شعر میں شاعر ے کس قسم کا انسان بننے کی دعا کی ہے؟<br>4۔ دوسرے شعر میں کن برائیوں سے بچنے کی دعا کی گئی ہے؟ |
| | | | (نثر)<br>آپؐ کو سادہ غذا پسند تھی، بغیر چھنے جو کے آٹے کی روٹی تناول فرما لیتے۔ کبھی کسی کھانے میں نقص نہ نکالتے۔ آپؐ صحابہ کرام رضی اللہ عنھم کو غلاموں کے بارے میں حسن سلوک کی تاکید فرماتے اور فرماتے کہ جیسا خود کھاؤ ویسا ہی اپنے غلام کو بھی کھلاؤ، جیسا خود پہنو ویسا ہی انھیں بھی پہناؤ اور اُن سے ان کی طاقت سے زیادہ کام نہ لو۔<br>درج بالا پیرا گراف چند طلبہ مناسب اتار چڑھاؤ سے پڑھیں گے اور باقی طلبہ توجہ سے سن کر زبانی سوالات کے جواب دیں گے۔ (یاد میں لاتے ہوئے ہوئے)<br>خالی جگہ پُر کریں۔<br>1۔ آپؐ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ غذا پسند تھی۔<br>2۔ درج ذیل الفاظ کو درست تلفظ سے پڑھیں۔<br>3۔ درج ذیل الفاظ کے معنی بتائیں۔<br>تناول۔ طاقت<br>4۔ جیسا خود کھاؤ ویسا ہی اپنے غلام کو بھی کھلاؤ کا مفہوم بتائیں۔ |

| روبو بریک | نمبر | مہارت | حتمی جانچ: |
|---|---|---|---|
| | | یاد میں لانا | حمد (نظم)<br>پرندوں کے اُڑتے ہوئے کارواں |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | | تیری عظمت کا ہیں خوب صورت نشاں<br>دِن کو سورج سے دیتا ہے تُو روشنی<br>رات میں چاند تاروں کا دلکش سماں<br>ہر جگہ تیری رحمت کے آثار ہیں<br>اے خدا تیری بخشش کی حد ہے کہاں<br>۱۔اِن اشعار میں اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی پانچ چیزوں کے نام لکھیں۔<br>مثلاً: پرندے<br>۲۔دِن کے وقت ہمیں روشنی کس چیز سے حاصل ہوتی ہے؟<br>۳۔رات کے منظر کو اللہ تعالیٰ نے کن سے خوب صورت بنایا؟<br>۴۔ہر جگہ کس کی رحمت کے آثار ہیں؟<br>۵۔پہلے شعر میں شاعر نے اللہ تعالیٰ کی عظمت کا خوب صورت نشاں کسے قرار دیا ہے؟ |
| | | | کسی گاؤں میں ایک کسان رہتا تھا۔اس کے پاس ایک گھوڑا اور ایک بیل تھا۔گھوڑے پر وہ سواری کرتا اور بیل کو بیل گاڑی میں جوت کر کھیتوں سے چارا لاتا تھا اس کے علاوہ منڈی میں سبزیاں اور اناج لے جانے کے لیے بھی بیل گاڑی استعمال کرتا تھا۔ پھر ہل بھی چلانا پڑتا تھا۔اس طرح بیل کو کام کرتے کرتے صبح سے شام ہو جاتی تھی جبکہ گھوڑے کی شاندار زندگی دیکھ کر بیل رشک کرتا تھا۔ایک رات بیل کی رسی کھل گئی اور وہ دُور بندھے ہوئے گھوڑے کے پاس چلا گیا۔وہاں جا کر گھوڑے سے کہنے لگا:<br>واہ گھوڑے بھائی! تمھارے تو ٹھاٹ ہی نرالے ہیں۔<br>۱۔یہ کہانی کن دو جان وروں کے متعلق ہے؟<br>۲۔کسان اپنے بیل سے کیا کام لیتا تھا؟<br>۳۔گھوڑا کسان کے کس کام آتا تھا؟<br>۴۔سبزیاں اور اناج لے کر کسان کہاں جاتا تھا؟<br>۵۔رسی کھلنے پر بیل کس کے پاس گیا؟<br>۶۔بیل نے گھوڑے سے کیا کہا؟ |

حاصلاتِ تعلم:　　(SLO:U-06-A-02)

اپنی جماعت کے معیار کے مطابق نظم/عبارت سُن کر اہم نکات اور اجزا سے متعلق معلومات، مشاہدات اور خیالات بیان کر سکیں۔

حاصلاتِ تعلیم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبوبریک |
|---|---|---|---|
| آخر کار ۲۳ مارچ ۱۹۴۰ء کو شیر بنگال مولوی فضل الحق نے لاہور منٹو پارک کے عظیم الشان جلسے میں قرار داد پاکستان پیش کی۔ لاہور منٹو پارک کا موجودہ نام اقبال پارک ہے۔ اس قرار داد کی تائید یو پی سے چودھری خلیق الزماں پنجاب سے مولانا ظفر علی خان، خیبر پختون خواہ سے سردار اورنگ زیب سندھ سے عبداللہ ہارون اور بلوچستان سے قاضی عیسیٰ نے کی۔<br>درج بالا عبارت پڑھ کر طلبہ کو سنائی جائے گی اور وہ درج ذیل سوالات کے جوابات دیں گے۔<br>ا۔ درج ذیل الفاظ کے معنی لکھیں۔<br>عظیم الشان۔ تائید<br>۲۔ منٹو پارک کا موجودہ نام کیا ہے؟<br>۳۔ قرار داد پاکستان کو ۲۳ مارچ ۱۹۴۰ء کو شیر بنگال نے کہاں پیش کیا؟<br>۳۔ مولوی فضل الحق کو کیا کہا گیا ہے؟ | یاد میں لانا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبوبریک |
|---|---|---|---|
| پاکستان کے لیے شان دار خدمات پیش کرنے والی مختلف سِول اور عسکری شخصیات کو ۲۳ مارچ کو یوم پاکستان کے موقع پر نشانِ حیدر، ہلال جرأت، ستارۂ جرأت، ستارۂ امتیاز، تمغائے امتیاز اور تمغائے بسالت جیسے اعزازات سے نوازا جاتا ہے۔ اِن اعزازات میں نشانِ حیدر، افواج پاکستان کا سب سے بڑا فوجی اعزاز ہے جو وطن کی حفاظت کی خاطر اپنی جان قربان کرنے والے شیر دل فوجیوں کو دیا جاتا ہے۔ نشانِ حیدر پانے والے بہادر سپوتوں کی تعداد دس ہے۔ اِن میں سے نو کا تعلق بری فوج جب کہ ایک کا تعلق پاک فضائیہ سے ہے۔<br>ا۔ یومِ پاکستان کس تاریخ کو منایا جاتا ہے؟<br>۲۔ پاکستان کا سب سے بڑا فوجی اعزاز کون سا ہے؟<br>۳۔ نشانِ حیدر کتنے بہادر سپوتوں کو دیا جا چکا ہے؟<br>۴۔ نشانِ حیدر کا اعزاز پانے والوں میں بری فوج کے کتنے افراد ہیں؟<br>۵۔ پاک فضائیہ کے کتنے بہادر سپوتوں کو نشان حیدر دیا گیا ہے۔ | یاد میں لانا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-06-A-03)

مختلف سمعی ذرائع ابلاغ کہانی، نظم، واقعہ، تقریر، اعلان، خطبہ گفتگو، خبر، ڈراما، ہدایت کی نشان دہی کر سکیں۔

حاصلاتِ تعلیم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| نیچے دیئے متون کو ایک طالب علم بلند آواز سے پڑھے اور باقی طلبہ ہر متن کی نشان دہی کریں کہ وہ کہانی/گفتگو/نعت ہے یا تقریر<br>۱۔ سحر دم رحمتِ حق کا یہ مستانہ پیام آیا، مبارک اہلِ ایمان کو کہ وہ خیر الانام آیا<br>۲۔ سُرخ اشارے پر رُک جائیں۔<br>۳۔ صاحب صدر! معزز اساتذۂ کرام اور میرے عزیز دوستو! آج مجھے آپ کے سامنے جس موضوع پر لب کشائی کا موقع دیا گیا ہے اُس کا عنوان ہے سیرت النبیؐ<br>۴۔ ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک کسان کے چار بیٹے تھے جو آپس میں لڑتے جھگڑتے رہتے تھے۔<br>۵۔ خواتین و حضرات! آپ کو اطلاع دی جاتی ہے کہ جمعہ کے دن فنی خرابی کی بناء پر بجلی بند رہے گی۔<br>فاطمہ: السلام علیکم<br>ثناء: وعلیکم السلام<br>فاطمہ: آپ کیسی ہیں۔<br>ثناء: میں ٹھیک ہوں، آپ کے کیا حال ہیں۔ | یاد میں لانا | | |
| نیچے دیئے گئے متون (۱۔۶) کو ایک طالب علم بلند آواز سے پڑھے اور دیگر طلبہ ہر متن کی نشان دہی کرتے ہوئے بتائیں کہ وہ کہانی/گفتگو/اعلان/ہدایت/تقریر یا نظم ہے؟<br>۱۔ لب پہ آتی ہے دعا بن کے تمنا میری، زندگی شمع کی صورت ہو خدایا میری دُور دنیا کا میرے دم سے اندھیرا ہو جائے، ہر جگہ میرے چمکنے سے اُجالا ہو جائے<br>۲۔ صدرِ محفل، معزز اساتذۂ کرام، میرے عزیز دوستو! آج مجھے آپ کے سامنے جس موضوع پر تقریر کرنے کا موقع دیا گیا ہے اُس کا عنوان ہے: "اتفاق میں برکت" ہے۔<br>۳۔ ٹریفک کے اشاروں کی پابندی کریں۔<br>۴۔ ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک کوّے کو سخت پیاس لگی ہوئی تھی۔ پانی کی تلاش میں وہ اِدھر اُدھر اُڑ رہا تھا کہ اچانک ایک باغ میں اُس کی نظر ایک گھڑے پر پڑی۔ گھڑے میں پانی کم ہونے کی وجہ سے اُس کی چونچ پانی تک نہ پہنچ سکی۔ اچانک اس کے دماغ میں ایک ترکیب آئی۔ گھڑے کے قریب پڑے ہوئے چند کنکر کوّے نے اُٹھا کر گھڑے میں ڈالے۔ پانی کی سطح بلند ہو گئی۔ کوّے نے پیاس بجھائی اور آسمان کی طرف پرواز کر گیا۔<br>۵۔ خواتین و حضرات! آپ کو اطلاع دی جاتی ہے کہ کل رات آٹھ بجے سے تمام بازار بند ہو جائیں گے۔<br>۶۔ احمد: السلام علیکم<br>اسلم: وعلیکم السلام<br>احمد: کیا حال ہے؟<br>اسلم: میں ٹھیک ہوں، آپ اپنی سنایئے؟<br>احمد: میں بھی خیریت سے ہوں۔ | | | |

# حاصلاتِ تعلم کے مطابق تشکیلی اور حتمی جانچ

**جماعت:** ششم      **مضمون:** اُردو      **سبق:**

**معیار:** بولنا

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-06-B-01)

اپنی جماعت کے معیار کے مطابق مختلف موضوعات سے متعلق اپنے خیالات واحساسات، مشاہدات اور معلومات کا تسلسل برقرار رکھتے ہوئے قواعد اور حرکات، سکنات کے ساتھ زبانی اظہار کر سکیں۔

حاصلاتِ تعلیم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| درج ذیل تصویر میں افواج پاکستان سلامی پیش کر رہی ہے۔ (پریڈ کرتے ہوئے)<br><br>**اردو کی درسی کتاب جماعت ششم صفحہ نمبر ۸۹ سے تصویر لیں**<br><br>اس تصویر کو غور سے دیکھیں اور درج ذیل سوالات کے جوابات دیں۔<br>۱۔ اس تصویر کے بارے میں اپنے خیالات بیان کریں۔<br>۲۔ تصویر کو دیکھ کے آپ کے اندر کیا احساس پیدا ہوتا ہے؟<br>۳۔ تصویر میں موجود مشاہدات تسلسل سے بیان کریں۔<br>۴۔ یہ تصویر آپ کو کون سی معلومات فراہم کر رہی ہے؟ | سمجھنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| درج ذیل تصویر میں گاؤں کا ایک منظر دکھایا گیا جس میں ندی کے کنارے بنے کچے راستے پر ایک بیل گاڑی کو ایک کسان لیے جا رہا ہے۔ ارد گرد سبزہ، ہریالی اور درخت ہیں۔ بیل گاڑی میں عورتیں بھی ہیں۔<br><br>**تصویر درسی کتاب صفحہ نمبر ۲۱ سے لیں۔**<br><br>اس تصویر کے متعلق اپنے خیالات، احساسات، مشاہدات اور معلومات بیان کریں۔ | سمجھنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-06-B-02)

اپنی جماعت کے معیار کے مطابق کسی بھی نظم اور نثر پارے کو درست تلفظ آہنگ، حرکات وسکنات کے ساتھ بیان کر سکیں۔

حاصلاتِ تعلیم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| ایک دن گھوڑا موقع پا کر بیل کے پاس گیا تو بیل چہکتے ہوئے گھوڑے سے مخاطب ہوا "واہ دوست! کیا مشورہ دیا تم نے! میں تو قسمت سے راجا ہو گیا۔ اب تو کچھ کام نہیں کرنا پڑتا اور وقت پر ہرا بھرا تازہ چارا کھانے کو ملتا ہے۔" یہ سُن کر گھوڑا بھانپ گیا کہ بیل کی نیت اب کام پر جانے کی نہیں ہے گھوڑے نے دل ہی دل میں سوچا اگر بیل اپنے کام پر نہیں جائے گا تو اس کا سارا کام اسے کرنا پڑے گا جو اس کے بس کی بات نہیں ہے کیونک وہ جان چکا تھا کہ جس کا کام اُسی کو ساجھے۔ گھوڑے نے اس حقیقت کا ادراک کرتے ہی بیل سے کہا: "درست! بڑے دُکھ کے ساتھ تمھیں ایک بات بتاتا ہوں کہ مالک تمھیں قصائی کو بیچنا چاہتا ہے۔ کیونکہ مالک کی نظر میں تم کسی بھی کام کے نہیں رہے۔<br>۱۔ طلبہ سے ایک ایک کر کے اس پیراگراف کو پڑھنے کو کہا جائے۔<br>۲۔الفاظ کی درستگی، تلفظ، آہنگ اور حرکات وسکنات کو نوٹ کیا جائے۔<br>۲۔ درج ذیل الفاظ کے معنی بتائیں۔<br>چارہ، ادراک<br>۳۔ جس کا کام اسی کو ساجھے کا مطلب بتائیں۔<br>۴۔اس عبارت کا خلاصہ اپنے لفظوں میں بتائیں۔ | یاد میں لانا | | |
| بیمار ہو کے میں جو گیا ڈاکٹر کے پاس<br>کیوں کر بتاؤں کیسے مرے اُڑ گئے حواس<br><br>حیراں ہوا یہ سُن کے میں نرسوں کی ٹیم سے<br>وہ خود دوائی لینے گئے ہیں حکیم سے<br><br>۱۔ درج ذیل شعر تلفظ کی درستگی اور اتار چڑھاؤ کے ساتھ پڑھیں۔<br>حیراں ہوا یہ سُن کے میں نرسوں کی ٹیم سے<br>وہ خود دوائی لینے گئے ہیں حکیم سے<br>۲۔ لفظ حواس کا معنی بتائیں۔<br>۳۔ حکیم کے بارے میں کچھ بتائیں۔ | یاد میں لانا | | |

| روبرک | نمبر | مہارت | حتمی جانچ |
| --- | --- | --- | --- |
| | | | اللہ تعالیٰ نے انسان کو علم جیسی نعمت سے نوازا ہے۔ ایسا علم جو مشاہدات اور تجربات پر مبنی ہو، سائنس کا علم کہلاتا ہے۔ سائنس کی ترقی سے، انسان کی زندگی میں تیزی اور سہولت پیدا ہوئی ہے۔ سائنسی ترقی نے ہماری زندگی کی رفتار تیز کر دی ہے۔ ہم جو کام مہینوں میں کرتے تھے اب وہی کام دنوں اور گھنٹوں میں ہو جاتا ہے۔ سائنس نے انسانی زندگی کو بہت سی سہولتوں سے روشناس کرایا ہے۔ اس تمام کے باوجود کیا یہ سمجھا جائے کہ سائنس نے انسان کو صرف فائدے ہی پہنچائے ہیں؟<br>پیارے بچو! سائنس نے جہاں انسان کو آسائشیں فراہم کی ہیں وہاں کچھ مسائل سے بھی دو چار کیا ہے۔ موبائل اور انٹرنیٹ کے غلط استعمال سے نوجوان نسل پر بُرے اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔<br><br>مندرجہ بالا عبارت / نثر پارے کو درست تلفظ، آہنگ، حرکات و سکنات کے ساتھ بیان کریں۔<br>۱۔ درج ذیل فقرہ کو پڑھیں۔<br>ایسا علم جو مشاہدات اور تجربات پر مبنی ہو، سائنس کا علم کہلاتا ہے۔<br>۲۔ روشناس کا معنی بتائیں۔ |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-06-B-03)

اپنی جماعت کے معیار کے مطابق کسی بھی موضوع پر پُراعتماد انداز میں تقریر کر سکیں۔

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ: | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| درج ذیل تصویر میں موجود شخصیت کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کریں۔<br>علامہ اقبال کی تصویر لگائیں۔<br><br>(i) تعارف:<br>پیدائش۔بنیادی تعلیم۔اعلیٰ تعلیم<br>(ii) نفس مضمون:<br>قومی شاعر ہیں۔ مفکر پاکستان ہیں۔ بچوں کے شاعر ہیں وغیرہ۔ پاکستان کے لیے کی گئی خدمات کے بارے میں آگاہی۔<br>اختتام کرتے ہوئے اُن کی وفات اور اُن کا مزار وغیرہ<br>درج ذیل تصویر میں موجود شخصیت کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کریں۔<br>ا۔علامہ اقبال کی تاریخ پیدا کیا ہے؟<br>۲۔علامہ اقبال کی سیاست کے بارے میں وضاحت کریں۔<br>۳۔علامہ اقبال کا مزار کہاں واقع ہے؟ | لاگو کرنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| اپنی جماعت کے معیار کے مطابق کسی بھی موضوع پر پُراعتماد انداز میں تقریر کر سکیں۔<br>مندرجہ ذیل موضوعات میں سے کسی ایک موضوع پر تین سے پانچ منٹ کی تقریر کریں۔<br>ا۔سائنسی ترقی<br>۲۔حب الوطنی<br>۳۔علامہ اقبال | لاگو کرنا | | |

# حاصلاتِ تعلم کے مطابق تشکیلی اور حتمی جانچ

**جماعت:** ششم **مضمون:** اُردو **سبق:**

**معیار:** پڑھنا

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-06-C-01)

طویل عبارت کو درست تلفظ کے ساتھ پڑھ سکیں۔

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| پہلے وقتوں میں سمندر کا سفر جان جوکھوں کا کام تھا۔ اب جدید سہولتوں سے آراستہ بحری جہاز نے اسے محفوظ بنا دیا ہے۔ ایک جدید بحری جہاز میں کھانا کھانے کے لیے ہوٹل، کھیلنے کے لیے میدان، مطالعے کے لیے کتب خانہ، روشنی، ایئر کنڈیشنر کے ساتھ ساتھ تمام تر سہولیات موجود ہوتی ہیں۔آج کی عالمگیر دنیا میں بحری تجارت اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ دنیا کی ۸۰ فیصد تجارت بحری راستے سے ہوتی ہے جب کہ پاکستان کی ۹۰ فیصد سے زیادہ عالمی تجارت سمندری راستے سے ہوتی ہے۔ سی پیک اور گوادر بندرگاہ کیسے پوری طرح سے فعال ہونے کے بعد بحری تجارت کی اہمیت مزید بڑھ جائے گی۔<br>ا۔ مندرجہ بالا عبارت کو درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔<br>۲۔ایک بحری جہاز میں کون کون سی سہولیات میسر ہوتی ہیں؟<br>۳۔ پاکستان میں زیادہ تر تجارت کا دارومدار کس پر ہے؟<br>۴۔ بندرگاہوں کے فعال ہونے اور بحری تجارت کی اہمیت کا آپس میں کیا تعلق ہے۔<br>سوال: مندرجہ بالا پیرا گراف پڑھ کر آپ نے کیا نتیجہ اخذ کیا؟<br>سوال: بندرگاہوں کے فعال ہونے اور بحری تجارت کی اہمیت کا آپس میں کیا تعلق ہے۔ | یاد میں لانا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| پہلے وقتوں میں سمندر کا سفر جان جوکھوں کا کام تھا۔ اب جدید سہولتوں سے آراستہ بحری جہاز نے اسے محفوظ بنا دیا ہے۔ ایک جدید بحری جہاز میں کھانا کھانے کے لیے ہوٹل، کھیلنے کے لیے میدان، مطالعے کے لیے کتب خانہ، روشنی، ایئر کنڈیشنر کے ساتھ ساتھ تمام تر سہولیات موجود ہوتی ہیں۔آج کی عالمگیر دنیا میں بحری تجارت اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ دنیا کی ۸۰ فیصد تجارت بحری راستے سے ہوتی ہے جب کہ پاکستان کی ۹۰ فیصد سے زیادہ عالمی تجارت سمندری راستے سے ہوتی ہے۔ سی پیک اور | یاد میں لانا | | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| گوادر بندرگاہ کیسے پوری طرح سے فعال ہونے کے بعد بحری تجارت کی اہمیت مزید بڑھ جائے گی۔<br>ا۔مندرجہ بالا پیراگراف پڑھ کر نتیجہ اخذ کریں۔<br>۲۔بندرگاہوں کے فعال ہونے اور بحری تجارت کی اہمیت کا آپس میں کیا تعلق ہے۔ | | | |

حاصلاتِ تعلم:　　　(SLO:U-06-C-02)

روزمرہ/ محاورہ/ کہاوتوں/ ضرب الامثال کا مفہوم سمجھتے ہوئے عبارت پڑھ سکیں۔

حاصلاتِ تعلیم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| ۲۳۔ مارچ کو یوم پاکستان کی شاندار تقریبات ہمارے وطن سے محبت کی زندہ علامت ہیں۔ عوام جس جوش و جذبے سے ان میں شرکت کرتے ہیں اور اپنے وطن کے محافظوں کی ہمت، محنت اور جذبے کو سراہتے ہیں وہ قابلِ دید ہوتا ہے۔ یوم پاکستان کے موقع پر عوام کو اپنی مسلح افواج کی مہارت جدید ہتھیاروں کی نمائش اور حربی صلاحیتوں میں اضافے کے بارے میں بہت کچھ جاننے کو ملتا ہے۔ ان کا اپنی مسلح افواج کی بہادری قوتِ ایمانی اور حربی صلاحیتوں پر اعتماد مزید پختہ ہو جاتا ہے۔ یہ دن ہمارے دشمنوں پر ہماری مسلح افواج کی عسکری طاقت کی ہیبت طاری کرتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ دنیا کو یہ پیغام بھی دیا جاتا ہے کہ ہم ایک پرامن اور مضبوط طاقت ہیں اور اپنی ارضِ وطن کا دفاع کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں تاکہ کوئی دشمن ہماری طرف میلی آنکھ سے دیکھنے کی جرات نہ کر سکے۔ ان تقریبات میں عوام کو دران پریڈ اور بعد ازاں چھاؤنیوں میں جا کر وہاں لگی فوجی نمائش دیکھنے کا ہی نہیں فوجی جوانوں سے ملنے جلنے کا موقع بھی ملتا ہے۔<br>ا۔ "ہیبت طاری کرنا" سے کیا مراد ہے؟<br>۲۔ حربی صلاحیتوں کا کیا مطلب ہے؟<br>۳۔ یوم پاکستان کے موقع پر عوام کو کیا جاننے کا موقع ملتا ہے؟ | سمجھنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| ۲۳۔ مارچ کو یوم پاکستان کی شاندار تقریبات ہمارے وطن سے محبت کی زندہ علامت ہیں۔ عوام جس جوش و جذبے سے ان میں شرکت کرتے ہیں اور اپنے وطن کے محافظوں کی ہمت، محنت اور جذبے کو سراہتے ہیں وہ قابلِ دید ہوتا ہے۔ یوم پاکستان کے موقع پر عوام کو اپنی مسلح افواج کی مہارت جدید ہتھیاروں کی نمائش اور حربی صلاحیتوں میں اضافے کے بارے میں بہت کچھ جاننے کو ملتا ہے۔ ان کا اپنی مسلح افواج کی بہادری قوتِ ایمانی اور حربی صلاحیتوں پر اعتماد مزید پختہ ہو جاتا ہے۔ یہ دن ہمارے دشمنوں پر ہماری مسلح افواج کی عسکری طاقت کی ہیبت طاری کرتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ دنیا کو یہ پیغام بھی دیا جاتا ہے کہ ہم ایک پرامن اور مضبوط طاقت ہیں اور اپنی ارضِ وطن کا دفاع کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں تاکہ کوئی دشمن ہماری طرف میلی آنکھ سے دیکھنے کی جرات نہ کر سکے۔ ان تقریبات میں عوام کو دران پریڈ اور بعد ازاں چھاؤنیوں میں جا کر وہاں لگی فوجی نمائش دیکھنے کا ہی نہیں فوجی جوانوں سے ملنے جلنے کا موقع بھی ملتا ہے۔<br>ا۔ مندرجہ بالا پیراگراف پڑھ کر آپ نے کیا سیکھا؟<br>۲۔ ۲۳ مارچ کی تقریبات کس بات کی زندہ علامت ہیں؟ | سمجھنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-06-C-03)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

تشکیلی جانچ:

| روبریک | نمبر | مہارت | تشکیلی جانچ |
|---|---|---|---|
| | | جانچ پرکھ کرنا | کریم آباد کو خوب صورتی کی وجہ سے اُسے وادئ ہنزہ کا ل کہا جاتا ہے ہم تقریباً رات کے آٹھ بجے کریم آباد پہنچے رات کو سفر کے دوران دکھائی دینے والے حسین مناظر کو یاد کرتے کرتے سو گئے۔ صبح ہوٹل کے کمرے سے باہر جھانکا تو قراقرم کی خوب صورت برفانی چوٹی "راکاپوشی" اپنی شان اور شوکت کے ساتھ ہمارے سامنے تھی۔ اس چوٹی کی بلندی تقریباً ۲۵۵۵۱ فٹ ہے۔ اس پر دھوپ اور چھاؤں آنکھ مچولی کھیلتی نظر آ رہی تھیں۔ ماموں نے ہمیں بتایا کہ راکاپوشی کے ساتھ والی برفانی چوٹیاں دیران، الترا اور لیڈی فنگر ہیں۔ یہاں پر ۷۰۰ سال پرانا ایک قلعہ بلتت بھی موجود ہے۔ کسی زمانے میں ہنزہ کے سردار یہاں رہتے تھے۔<br>۱۔ راکاپوشی کس پہاڑی سلسلے کی چوٹی ہے؟<br>۲۔ راکاپوشی کی بلندی کتنی ہے؟<br>۳۔ قلعہ بلتت کتنے سال پرانا ہے۔ |

| روبریک | نمبر | مہارت | حتمی جانچ |
|---|---|---|---|
| | | جانچ پرکھ کرنا | کریم آباد کو خوب صورتی کی وجہ سے اُسے وادئ ہنزہ کا ل کہا جاتا ہے ہم تقریباً رات کے آٹھ بجے کریم آباد پہنچے رات کو سفر کے دوران دکھائی دینے والے حسین مناظر کو یاد کرتے کرتے سو گئے۔ صبح ہوٹل کے کمرے سے باہر جھانکا تو قراقرم کی خوب صورت برفانی چوٹی "راکاپوشی" اپنی شان اور شوکت کے ساتھ ہمارے سامنے تھی۔ اس چوٹی کی بلندی تقریباً ۲۵۵۵۱ فٹ ہے۔ اس پر دھوپ اور چھاؤں آنکھ مچولی کھیلتی نظر آ رہی تھیں۔ ماموں نے ہمیں بتایا کہ راکاپوشی کے ساتھ والی برفانی چوٹیاں دیران، الترا اور لیڈی فنگر ہیں۔ یہاں پر ۷۰۰ سال پرانا ایک قلعہ بلتت بھی موجود ہے۔ کسی زمانے میں ہنزہ کے سردار یہاں رہتے تھے۔<br>۱۔ کریم آباد کی خاصیت بتائیے؟<br>۲۔ قراقرم کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟<br>۳۔ وادئ ہنزہ کی چیدہ چیدہ خصوصیات بتائیے؟ |

حاصلاتِ تعلیم: (SLO:U-06-C-04)

درج ذیل پیرا گراف پڑھ کر سوالات کے جوابات بتایئے؟

حاصلاتِ تعلیم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ سے علامہ محمد اقبال کو بے پناہ عشق تھا۔ بارہاایسا ہوا کہ احباب کے درمیان اپنا کلام سناتے ہوئے آپ ﷺ کے ذکر مبارک پر علامہ اقبال رحمتہ اللہ علیہ پر وجد کی کیفیت طاری ہو گئی۔ آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے۔ کبھی گھنٹوں خود بھی روتے اور دوسروں کو بھی رلاتے۔ آپ رحمتہ اللہ علیہ کی ایک فارسی رباعی کا مفہوم ہے۔ "اے اللہ! قیامت کے روز میرا حساب نہ کرنا، اگر میرا حساب کرنا ضروری ہو تو میری التجا ہے کہ اپنے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کے سامنے نہ کرنا۔<br>ا۔ عبارت کو درست تلفظ کے ساتھ پڑھیئے۔<br>۲۔ "خود بھی روتے اور دوسروں کو بھی رلاتے" اس عبارت کا مفہوم بتایئے۔<br>۳۔ علامہ اقبال کی فارسی رباعی کا مفہوم بتایئے۔ | لاگو کرنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ سے علامہ محمد اقبال کو بے پناہ عشق تھا۔ بارہاایسا ہوا کہ احباب کے درمیان اپنا کلام سناتے ہوئے آپ ﷺ کے ذکر مبارک پر علامہ اقبال رحمتہ اللہ علیہ پر وجد کی کیفیت طاری ہو گئی۔ آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے۔ کبھی گھنٹوں خود بھی روتے اور دوسروں کو بھی رلاتے۔ آپ رحمتہ اللہ علیہ کی ایک فارسی رباعی کا مفہوم ہے۔ "اے اللہ! قیامت کے روز میرا حساب نہ کرنا، اگر میرا حساب کرنا ضروری ہو تو میری التجا ہے کہ اپنے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کے سامنے نہ کرنا۔<br>ا۔ اس عبارت میں علامہ اقبال کی شخصیت کے کس پہلو پر بات کی ہے۔<br>۲۔ اللہ تعالیٰ حضور ﷺ ے سامنے حساب کیوں نہ لیں۔<br>۳۔ اس پیرا گراف سے آپ نے کیا سبق حاصل کیا۔ | لاگو کرنا | | |

حاصلاتِ تعلیم: (SLO:U-06-C-04)

عبارت (نظم و نثر) پڑھ کر اس میں موجود معلومات اور تصورات کو اخذ کر سکیں۔

حاصلاتِ تعلیم کی سطح:

| تشکیلی جانچ: | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| میں بھی پاکستان ہوں تو بھی پاکستان ہے، تو تو میری جان ہے تو میرا ایمان ہے<br>تو میرا ایمان ہے<br>کہتی ہے یہ راہِ عمل آؤ ہم سب ساتھ چلیں، مشکل ہو یا آسانی ہاتھ میں ڈالے ہاتھ چلیں<br>دھڑکن ہے پنجاب اگر، دل اپنا مہران ہے<br>گلشن ہو یا ربت ہو ہم سے کوئی دور نہیں، دل کسی کی تعریف کرے ہر گوشہ ہے آب حسیں<br>سورج ہے سرحد کی زمیں چاند بلوچستان ہے<br>پاکستان عقیدہ بھی پاکستان یقیں بھی ہے، پاکستان نظریہ بھی پاکستان زمیں بھی ہے<br>رنگ برنگی دنیا میں، اس کی یہ پہچان ہے<br>سوالات:<br>۱۔ راہ عمل سے شاعر کی کیا مراد ہے؟<br>۲۔ شاعر نے دھڑکن اور دل کسے کہا ہے؟<br>۳۔ سورج اور چاند کن صوبوں کو کہا گیا ہے؟ | لاگو کرنا | | |

| حتمی جانچ: | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| میں بھی پاکستان ہوں تو بھی پاکستان ہے، تو تو میری جان ہے تو میرا ایمان ہے<br>تو میرا ایمان ہے<br>کہتی ہے یہ راہِ عمل آؤ ہم سب ساتھ چلیں، مشکل ہو یا آسانی ہاتھ میں ڈالے ہاتھ چلیں<br>دھڑکن ہے پنجاب اگر، دل اپنا مہران ہے<br>گلشن ہو یا ربت ہو ہم سے کوئی دور نہیں، دل کسی کی تعریف کرے ہر گوشہ ہے آب حسیں<br>سورج ہے سرحد کی زمیں چاند بلوچستان ہے<br>پاکستان عقیدہ بھی پاکستان یقیں بھی ہے، پاکستان نظریہ بھی پاکستان زمیں بھی ہے<br>رنگ برنگی دنیا میں، اس کی یہ پہچان ہے<br>سوالات:<br>۱۔ پاکستان کا نظریہ کیا ہے؟<br>۲۔ اس ملی نغمہ کا مرکزی خیال کیا ہے؟ | لاگو کرنا | | |

حاصلاتِ تعلم:  (SLO:U-06-C-05)

نظم و نثر کو منشا اور مقصد کے حوالے سے سمجھ کر درست اتار چڑھاؤ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| سائنس اور ٹیکنالوجی نے ایک کسان کے لیے بھی بہت آسانیاں پیدا کی ہیں۔ ترقی یافتہ کسان اپنے کھیت کو کمپیوٹر کے ذریعے ہموار کرتا ہے۔ جدید قسم کے بیجوں سے زیادہ فصل حاصل کرنا ہے۔ جدید طریہ آب پاشی سے پانی کی بچت کر سکتا ہے۔ اپنی فصلوں کو نقصان دہ کیڑوں اور سنڈیوں سے محفوظ کر سکتا ہے۔ جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے کسان فصل بونے سے کاٹنے تک کے تمام مراحل آسانی سے طے کر لیتا ہے اور پیداوار بھی کئی گنا زیادہ حاصل کرتا ہے۔ صنعت کار اپنی صنعتوں کو جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے منافع بخش بنا رہے ہیں اور مارکیٹ کے تقاضوں کو سائنسی بنیادوں پر پورا کر رہے ہیں۔ جدید ٹیکنالوجی سے کھیلوں میں بھی جوت آ آئی ہے۔ کسی بھی کھیل کی کیمرے کے ذریعے ریکارڈنگ کی جاتی ہے۔ اگر کھیل کے دوران میچ ریفری سے غلط فیصلہ ہو جائے تو اس فیصلے کو تھرڈ امپائر جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے تبدیل کر سکتا ہے۔ کسی میچ کی ریکارڈنگ دوبارہ دیکھ کر کھلاڑی اپنی غلطیوں کی اصلاح کر سکتا ہے۔<br>۱۔ آب پاشی کے کیا معنی ہیں؟<br>۲۔ "مارکیٹ کے تقاضوں کو سائنسی بنیادوں پر پورا کر رہے ہیں" سے کیا مراد ہے"<br>۳۔ کھلاڑی اپنی غلطیوں کی اصلاح کیسے کر سکتا ہے۔ | یاد میں لانا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| سائنس اور ٹیکنالوجی نے ایک کسان کے لیے بھی بہت آسانیاں پیدا کی ہیں۔ ترقی یافتہ کسان اپنے کھیت کو کمپیوٹر کے ذریعے ہموار کرتا ہے۔ جدید قسم کے بیجوں سے زیادہ فصل حاصل کرنا ہے۔ جدید طریہ آب پاشی سے پانی کی بچت کر سکتا ہے۔ اپنی فصلوں کو نقصان دہ کیڑوں اور سنڈیوں سے محفوظ کر سکتا ہے۔ جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے کسان فصل بونے سے کاٹنے تک کے تمام مراحل آسانی سے طے کر لیتا ہے اور پیداوار بھی کئی گنا زیادہ حاصل کرتا ہے۔ صنعت کار اپنی صنعتوں کو جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے منافع بخش بنا رہے ہیں اور مارکیٹ کے تقاضوں کو سائنسی بنیادوں پر پورا کر رہے ہیں۔ جدید ٹیکنالوجی سے کھیلوں میں بھی جوت آ آئی ہے۔ کسی بھی کھیل کی کیمرے کے ذریعے ریکارڈنگ کی جاتی ہے۔ اگر کھیل کے دوران میچ ریفری سے غلط فیصلہ ہو جائے تو اس فیصلے کو تھرڈ امپائر جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے تبدیل کر سکتا ہے۔ کسی میچ کی ریکارڈنگ دوبارہ دیکھ کر کھلاڑی اپنی غلطیوں کی اصلاح کر سکتا ہے۔<br>۱۔ جدید ٹیکنالوجی صنعت کاروں کے لیے کس طرح فائدہ مند ہے؟<br>۲۔ ایک کسان جدید ٹیکنالوجی سے کس طرح مستفید ہو رہا ہے؟<br>۳۔ درج بالا اقتباس سے آپ نے کیا سیکھا؟ | یاد میں لانا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-06-C-05)

درج ذیل عبارت کو پڑھ کر سوالات کے جوابات بتائیے۔

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| رات کو جلدی سونا اور صبح جلدی اٹھنا صحت کے لیے اچھا ہوتا ہے، پڑھائی کے ساتھ ساتھ کھیلوں میں بھی حصہ لینا چاہیے، خیالات میں پاکیزگی اختیار کرنی چاہیے صحت کو نقصان پہنچانے والی سرگرمیاں، سگریٹ نوشی اور دوسری نشہ آور اشیاء کے استعمال سے گریز کرنا چاہیے۔ ہمیں یہ بات بھی یاد رکھنی چاہیے کہ صحت مند افراد سے ہی صحت مند قوم بنتی ہے۔ صحت مند قومیں ہی ترقی کی منزلیں طے کرتی ہیں۔<br>سوالات:<br>۱۔ عبارت کو درست اتار چڑھاؤ اور روانی سے پڑھیں۔<br>۲۔ کون سی سرگرمیاں صحت کو نقصان پہنچاتی ہیں۔<br>۳۔ ترقی کی منازل طے کرنے کے لیے کیا ضروری ہے۔ | یاد میں لانا | | |

| حتمی جانچ: | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| رات کو جلدی سونا اور صبح جلدی اٹھنا صحت کے لیے اچھا ہوتا ہے، پڑھائی کے ساتھ ساتھ کھیلوں میں بھی حصہ لینا چاہیے، خیالات میں پاکیزگی اختیار کرنی چاہیے صحت کو نقصان پہنچانے والی سرگرمیاں، سگریٹ نوشی اور دوسری نشہ آور اشیاء کے استعمال سے گریز کرنا چاہیے۔ ہمیں یہ بات بھی یاد رکھنی چاہیے کہ صحت مند افراد سے ہی صحت مند قوم بنتی ہے۔ صحت مند قومیں ہی ترقی کی منزلیں طے کرتی ہیں۔<br>سوالات:<br>۱۔ اس عبارت کا مرکزی خیال بتائیے۔<br>۲۔ صحت مند قوم کیسے بنتی ہے؟<br>۳۔ صحت کا خیال رکھنا کیوں ضروری ہے؟ | یاد میں لانا | | |

حاصلاتِ تعلم:　(SLO:U-06-C-06)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| جلیبیوں سے ہمیں فیس اور فیس سے ہمیں ماسٹر غلام محمد کے ڈنڈے سے خدا یاد آ گیا۔ ہم نے آنکھیں بند کر لیں اور بڑی رقت کے ساتھ دعا مانگنے لگے۔ "اللہ میاں! ہم بڑے نیک اور فرمانبردار لڑکے ہیں۔ ہمیں پوری نماز یاد ہے، قرآن مجید کی آخری دس سورتیں بھی ازبر ہیں۔ آپ چاہیں تو ہم سے پوری آیت الکرسی ابھی اور اسی وقت سن لیجیے۔ عرض یہ ہے کہ یہ جو ہم نے فیس کے روپوں کی جلیبیاں کھالی ہیں تو چلیے ہم مانے لیتے ہیں کہ ہم سے غلطی ہو گئی ہے۔ اب آپ یوں کیجیے کہ ہمارے بستے میں چار روپے رکھ دیجیے۔ اے اللہ میاں جی! بس آج ہماری مدد فرما دیجیے! آپ کے خزانے میں کسی چیز کی کمی نہیں۔<br>سوالات:<br>ا۔ پیرا گراف کو درست تلفظ سے پڑھیں۔<br>۲۔ لڑکے کو کس بات سے خدا یاد آ گیا؟<br>۳۔ لڑکے نے اپنی کون کون سی خوبیاں یاد کیں۔<br>۴۔ لڑکے نے خدا یاد آنے کے بعد کیا کیا؟ | سمجھنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| جلیبیوں سے ہمیں فیس اور فیس سے ہمیں ماسٹر غلام محمد کے ڈنڈے سے خدا یاد آ گیا۔ ہم نے آنکھیں بند کر لیں اور بڑی رقت کے ساتھ دعا مانگنے لگے۔ "اللہ میاں! ہم بڑے نیک اور فرمانبردار لڑکے ہیں۔ ہمیں پوری نماز یاد ہے، قرآن مجید کی آخری دس سورتیں بھی ازبر ہیں۔ آپ چاہیں تو ہم سے پوری آیت الکرسی ابھی اور اسی وقت سن لیجیے۔ عرض یہ ہے کہ یہ جو ہم نے فیس کے روپوں کی جلیبیاں کھالی ہیں تو چلیے ہم مانے لیتے ہیں کہ ہم سے غلطی ہو گئی ہے۔ اب آپ یوں کیجیے کہ ہمارے بستے میں چار روپے رکھ دیجیے۔ اے اللہ میاں جی! بس آج ہماری مدد فرما دیجیے! آپ کے خزانے میں کسی چیز کی کمی نہیں۔<br>سوالات:<br>ا۔ مشکل آنے پر بچے نے کس کو یاد کیا؟<br>۲۔ لڑکے کی دعا کرتے ہوئے کیا کیفیت تھی؟<br>۳۔ لڑکے کا کس ذات پر یقین ہے؟<br>۴۔ کیا لڑکے نے مان لیا کہ اس سے غلطی ہو گئی ہے۔ | سمجھنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-06-C-07)

اخبارات، رسائل و جرائد میں خبریں، اداریے، رودادیں، اشتہارات اور خطوط بہ نام مدیر وغیرہ روانی سے پڑھ سکیں۔

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| عالمی منڈی میں پٹرول کی قیمتوں میں گزشتہ 2ماہ سے نمایاں کمی ہو رہی ہے تاہم مہنگائی کی شرح میں کوئی کمی واقع نہیں ہوئی۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق روس کے یوکرین پر حملے کے باعث رواں برس مارچ سے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ ہوا اور مہنگائی کے سونامی نے بڑے ممالک کو بھی لپیٹ میں لے لیا۔ تاہم گزشتہ دو ماہ سے پٹرولیم مصنوعات میں مسلسل اور تیزی سے کمی ہو رہی ہے اور مارچ میں 140 ڈالر فی بیرل ملنے والا خام تیل اب 90 ڈالر فی بیرل مل رہا ہے جب کہ ایران کے ساتھ جوہری معاہدہ طے پانے کی صورت میں خام تیل کی قیمت میں مزید کمی کا امکان ہے۔ پٹرولیم مصنوعات کی کمی میں نمایاں کمی کے باوجود عالمی سطح پر مہنگائی میں کوئی کمی واقع نہیں ہوئی جب کہ خیال یہ کیا جارہا تھا کہ پٹرول کی قیمتوں میں کمی سے اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں بھی کمی واقع ہو گئی۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ مہنگائی کی شرح میں کمی نہ ہونے کی وجہ تاجروں کے کساد بازاری کے خدشات ڈالر کی قیمت میں عدم استحکام اور کورونا کے باعث درآمدات میں کمی ہے جس سے طلب و رسد کا نظام متاثر ہوا ہے۔<br>ا۔ کساد بازاری کے کیا معنی ہیں؟<br>۲۔ طلب و رسد سے کیا مراد ہے؟<br>۳۔ "مہنگائی کے سونامی نے بڑے ممالک کو بھی لپیٹ میں لے لیا" عبارت کا مفہوم بتایئے؟ | یاد میں لانا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| عالمی منڈی میں پٹرول کی قیمتوں میں گزشتہ 2ماہ سے نمایاں کمی ہو رہی ہے تاہم مہنگائی کی شرح میں کوئی کمی واقع نہیں ہوئی۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق روس کے یوکرین پر حملے کے باعث رواں برس مارچ سے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ ہوا اور مہنگائی کے سونامی نے بڑے ممالک کو بھی لپیٹ میں لے لیا۔ تاہم گزشتہ دو ماہ سے پٹرولیم مصنوعات میں مسلسل اور تیزی سے کمی ہو رہی ہے اور مارچ میں 140 ڈالر فی بیرل ملنے والا خام تیل اب 90 ڈالر فی بیرل مل رہا ہے جب کہ ایران کے ساتھ جوہری معاہدہ طے پانے کی صورت میں خام تیل کی قیمت میں مزید کمی کا امکان ہے۔ پٹرولیم مصنوعات کی کمی میں نمایاں کمی کے باوجود عالمی سطح پر مہنگائی میں کوئی کمی واقع نہیں ہوئی جب کہ خیال یہ کیا جارہا تھا کہ پٹرول کی قیمتوں میں کمی سے اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں بھی کمی واقع ہو گئی۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ مہنگائی کی شرح میں کمی نہ ہونے کی وجہ تاجروں کے کساد بازاری کے خدشات ڈالر کی قیمت میں عدم استحکام اور کورونا کے باعث درآمدات میں کمی ہے جس سے طلب و رسد کا نظام متاثر ہوا ہے۔<br>ا۔ پٹرول کی قیمتوں میں کمی ہونے سے اشیائے ضروریہ پر کیا اثر پڑتا ہے۔<br>۲۔ درج بالا خبر پڑھ کر آپ نے کیا سمجھا؟ | یاد میں لانا | | |

# حاصلاتِ تعلم کے مطابق تشکیلی اور حتمی جانچ

**جماعت:** ششم　　**مضمون:** اُردو　　**سبق:**

**معیار:** لکھنا

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-06-D-01)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| بیگم وقار النساء نون نے پاکستان بننے کے بعد ایک قانونی جنگ لڑ کر ۱۵ لاکھ ایکڑ سے زائد رقبے پر مشتمل گوادر کو پاکستان میں ضم کرایا۔ آج اسی سر زمین یعنی گوادر کی وجہ سے پاک چین اقتصادی راہداری کا عظیم منصوبہ ممکن ہوا جسے "سی پیک کا نام دیا گیا ہے یہ منصوبہ مستقبل میں پاکستان کی اقتصادی ترقی میں کلیدی کردار ادا کرے گا۔<br>ا۔ بیگم وقار النساء نون۔۔۔۔۔۔۔۔ کردار ادا کرے گا۔<br>۲۔ بیگم وقار النساء نون نے پاکستان کی کیا خدمت کی؟<br>۳۔ سی پیک کا منصوبہ کن ممالک کے درمیان ہے ؟<br>۴۔ سی پیک کا منصوبہ پاکستان کے لیے کس طرح مددگار ہے؟ | یاد میں لانا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| بیگم وقار النساء نون نے پاکستان بننے کے بعد ایک قانونی جنگ لڑ کر ۱۵ لاکھ ایکڑ سے زائد رقبے پر مشتمل گوادر کو پاکستان میں ضم کرایا۔ آج اسی سر زمین یعنی گوادر کی وجہ سے پاک چین اقتصادی راہداری کا عظیم منصوبہ ممکن ہوا جسے "سی پیک کا نام دیا گیا ہے یہ منصوبہ مستقبل میں پاکستان کی اقتصادی ترقی میں کلیدی کردار ادا کرے گا۔<br>ا۔ بیگم وقار النساء نون۔۔۔۔۔۔۔۔ کردار ادا کرے گا۔ | یاد میں لانا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-06-D-02)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| مشاورت " کے کیا معنی ہیں؟<br>" مشاورت " کا جملہ بنائیں۔ | تخلیق کرنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| ا۔ درج ذیل الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کریں۔<br>حواس<br>عیاں<br>حازق<br>محفوظ<br>ایندھن | | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-06-D-03)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| گھٹا آن کر ، مینھ جو برسا گئی<br>تو بے جان مٹی میں جان آ گئی<br>ا۔ مینھ کے معنی بتائیں۔<br>۲۔ بے جان مٹی سے شاعر کی کیا مراد ہے؟<br>۳۔ شعر کا مفہوم بتائیں۔ | تجزیہ کرنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| ا۔ درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔<br>زمیں سبزے سے لہلہانے لگی<br>کسانوں کی محنت ٹھکانے لگی<br><br>جڑی بوٹیاں پیڑ آئے نکل<br>عجب بیل ہے عجب پھول پھل | تجزیہ کرنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-06-D-04)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| اسلامی بھائی چارے کی بنیاد مساوات اور باہمی محبت ہے۔ اسلامی معاشرے کے افراد ایک دوسرے کے ساتھ احترام، محبت اور تعاون کا رویہ رکھتے ہیں۔ اسلامی بھائی چارے کے مفہوم میں وہ تمام لوگ شامل ہوتے ہیں جو محض اسلام کے رشتے سے آپ کے بھائی بنے ہیں۔ اسلام تمام مسلمانوں کو امن، اخوت و بھائی چارہ، اتفاق واتحاد اور مساوات کا درس دیتا ہے۔ اخوت و بھائی چارے کے بارے میں علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ نے کیا خوب کہا تھا۔<br>اخوت اس کو کہتے ہیں چبھے کانٹا جو کابل میں<br>تو ہندوستاں کا ہر پیر و جواں بیتاب ہو جائے<br>۱۔ اخوت کے کیا معنی ہیں؟<br>۲۔ "اسلامی بھائی چارے کی بنیاد مساوات اور باہمی محبت ہے" اس عبارت کا مفہوم لکھیں۔<br>۳۔ علامہ اقبال کے شعر کا مفہوم لکھیے۔ | جانچ پرکھ کرنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| اسلامی بھائی چارے کی بنیاد مساوات اور باہمی محبت ہے۔ اسلامی معاشرے کے افراد ایک دوسرے کے ساتھ احترام، محبت اور تعاون کا رویہ رکھتے ہیں۔ اسلامی بھائی چارے کے مفہوم میں وہ تمام لوگ شامل ہوتے ہیں جو محض اسلام کے رشتے سے آپ کے بھائی بنے ہیں۔ اسلام تمام مسلمانوں کو امن، اخوت و بھائی چارہ، اتفاق واتحاد اور مساوات کا درس دیتا ہے۔ اخوت و بھائی چارے کے بارے میں علامہ محمد اقبال رحمتہ اللہ علیہ نے کیا خوب کہا تھا۔<br>اخوت اس کو کہتے ہیں چبھے کانٹا جو کابل میں<br>تو ہندوستاں کا ہر پیر و جواں بیتاب ہو جائے<br>۱۔ درج بالا پیراگراف کا مرکزی خیال تحریر کریں۔ | جانچ پرکھ کرنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-06-D-05)

مضمون لکھ سکیں کم از کم ۲۵۰ الفاظ

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| ا۔ سیاسی استحصال سے کیا مراد ہے؟<br>۲۔ مینارِ پاکستان کو مینارِ پاکستان کیوں کہتے ہیں۔<br>۳۔ "استحکام" کا جملہ بنائیں۔ | تخلیق کرنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| ا۔ 23 مارچ کو پاکستان کی تاریخ میں کیا اہمیت حاصل ہے۔<br>۲۔ سبق یوم پاکستان کا خلاصہ تحریر کریں۔<br>۳۔ تحریکِ پاکستان کی نامور شخصیات کے نام بتایئے۔<br>۴۔ "حب وطن" پر ایک مضمون لکھیں۔ | تخلیق کرنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-06-D-06)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبرک |
| --- | --- | --- | --- |
| ا۔ کہانی کی تعریف کریں۔<br>۲۔ تیر نشانے پر لگنا کا جملہ بنائیں۔ | تخلیق کرنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبرک |
| --- | --- | --- | --- |
| ا۔ "اتفاق میں برکت ہے" کے موضوع پر کہانی لکھیں۔<br>۲۔ گھوڑے نے کس چیز سے توبہ کی؟<br>۳۔ اس کہانی سے ہمیں کیا اخلاقی سبق ملتا ہے۔ | تخلیق کرنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-06-D-07)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| ا۔ رسمی اور غیر رسمی خط سے کیا مراد ہے۔<br>۲۔ مشاہیر کے خطوط کی کیا اہمیت ہے؟ | تخلیق کرنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| ا۔ اپنے چچا کے نام خط لکھ کر اپنی تعلیمی کارکردگی بیان کریں۔<br>۲۔ اخبار کے مدیر کے نام خط لکھ کر اپنے علاقے کی صفائی کی ناقص صورت حال سے آگاہ کریں۔ | تخلیق کرنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-06-D-08)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| ا۔ مکالمے کے اصول کیا ہیں۔<br>۲۔ مکالمے کا آغاز کیسے ہو؟<br>۳۔ مکالمے میں جملے کس طرح کے ہونے چاہئیں۔<br>۴۔ گفتگو کا انداز کیا ہو؟<br>۵۔ مکالمے کا اختتام کیسے کرنا چاہیے۔ | تخلیق کرنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| ا۔ ورزش کے فائدے پر پر دو دوستوں کے درمیان مکالمہ لکھیں جو کم از کم ۱۷۵ الفاظ پر مشتمل ہو۔ | تخلیق کرنا | | |

حاصلاتِ تعلم:            (SLO:U-06-D-09)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
| --- | --- | --- | --- |
| ا۔ انشاء پردازی میں درخواست کس قسم کی تحریر کو کہا جاتا ہے۔<br>۲۔ عام طور پر درخواست کن کے نام لکھی جاتی ہے۔<br>۳۔ درخواست میں عنوان لکھنا ضروری ہے۔<br>۴۔ درخواست کے عام طور پر کتنے حصے ہوتے ہیں۔<br>۵۔ درخواست لکھتے ہوئے ابتدا، خاکہ ، نفس مضمون اور اختتامیہ خاکہ کا خیال رکھنا کیوں ضروری ہے۔ | تخلیق کرنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
| --- | --- | --- | --- |
| ا۔ اپنے چچا کے نام خط لکھ کر اپنی تعلیمی کارکردگی بیان کریں۔<br>۲۔ اخبار کے مدیر کے نام خط لکھ کر اپنے علاقے کی صفائی کی ناقص صورت حال سے آگاہ کریں۔ | تخلیق کرنا | | |

# حاصلاتِ تعلم کے مطابق تشکیلی اور حتمی جانچ

**جماعت:** ششم **مضمون:** اُردو **سبق:** برسات (نظم)

**معیار:** زبان شناسی/ قواعد

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-06-E-01)

عربی قواعد کے مطابق واحد جمع کو پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں۔

واحد جمع کے حوالے سے غلط فقرات کی درستی کر سکیں۔

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| سوال 1: خط کشیدہ الفاظ کے جمع بنا کر جملہ دوبارہ لکھ سکیں۔<br>ا۔ اسلامی ملک آپس میں بھائی بھائی ہیں۔<br>۲۔ اریب نے اُردو اور ریاضی کی کتاب خریدی۔<br>۳۔ صبح صبح لوگ دفتر کا رُخ کرتے ہیں۔<br>۴۔ اُردو کی کتاب کے ایک سو ورق ہیں۔<br>سوال 2: مندرجہ ذیل الفاظ میں سے واحد کے جمع اور جمع کے واحد لکھیں۔<br>قوم۔ اذہان۔ لمحہ۔ مدرسین۔ واقعات | سمجھنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| ا۔ واحد کے معنی بتائیں۔<br>۲۔ مندرجہ ذیل الفاظ میں واحد کی نشان دہی کریں۔<br>نُور۔ اشجار۔ فلک<br>۳۔ "القابات" کا وحد لکھیں۔ | سمجھنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-06-E-02)

الفاظ کی تذکیر و تانیث کے فرق کو سمجھ سکیں۔

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| الفاظ کی تذکیر و تانیث<br>(الف) تذکیر و تانیث کے حوالے سے درج ذیل الفاظ میں مذکر و مونث الفاظ علیحدہ کریں اور دیئے گئے مذکر و مؤنث کالم میں تحریر کریں۔<br>دہی۔ درد۔ لالچ۔ اخبار۔ کرسی۔ قلم۔ میز۔ کتاب۔ گھر۔ سبزی<br>کالم (الف) کالم (ب)<br>مذکر الفاظ مؤنث الفاظ | سمجھنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| درج ذیل جملوں میں تذکیر و تانیث کی اغلاط درست کریں۔<br>۱۔ آج صبح سے میرے سر میں درد ہو رہی ہے۔<br>۲۔ یہ دہی بہت کھٹی ہے۔<br>۳۔ میں نے آج کی اخبار نہیں پڑھی ہے۔<br>۴۔ ہماری گھر گاؤں میں واقع ہے۔<br>۵۔ آج سبزی پکا ہے۔ | سمجھنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-06-E-03)

متضاد الفاظ کو عبارت میں پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں۔

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| ا۔ متضاد الفاظ کیسے الفاظ کو کہتے ہیں؟<br>۲۔ جاگنا کا متضاد لفظ لکھیں۔<br>۳۔ عبارت پڑھ کر ایک دوسرے کے متضاد الفاظ کے تین جوڑے الگ کر کے لکھیں۔<br>زندگی اور موت، گرم اور سرد، اندھیرا اور اجالا، گناہ اور ثواب، نیکی اور برائی کائنات کی تصویر کے دو رُخ ہیں۔ انسان اپنی عمر کے شب و روز میں کئی طرح کے حالات و واقعات کا سامنا کرتا ہے۔ انسان کے کردار کا اندازہ اس کے قول و فعل ہی سے لگایا جا سکتا ہے۔ | سمجھنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| درج ذیل الفاظ کے متضاد لکھیں۔<br>دن، گرمی، اونچا، صاف، بہار | سمجھنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-06-E-04)

متشابہ الفاظ (بلحاظ اعراب) کو پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں۔

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| (پُل، پَل)۔ (گُل، گِل)۔ (رِیت، ریت) | سمجھنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| بلحاظِ اعراب درج ذیل مختلف المعنی متشابہ الفاظ کو اس طرح جملوں میں استعمال کریں کہ ان کے معنی واضح ہو جائیں۔<br>الفاظ جملے<br>(ا)<br>بَل<br>بِل<br>(۲)<br>سو<br>سُو<br>(۳)<br>جَل<br>جُل | سمجھنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-06-E-05)

گروہی الفاظ (متلازم الفاظ)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیل جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
| --- | --- | --- | --- |
| درج ذیل گروہی الفاظ (متلازم الفاظ) کی وضاحت کریں۔<br>بجلی۔ گیس۔ پانی | سمجھنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
| --- | --- | --- | --- |
| درج ذیل الفاظ کے پانچ پانچ متلازم الفاظ تحریر کریں۔<br>۱۔ باغ<br>۲۔ آسمان<br>۳۔ برسات | سمجھنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-06-E-06)

حروف استفہام اور تاکید پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں۔

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| حروفِ استفہام اور تاکید کی تعریف و وضاحت کریں۔<br>درج ذیل جملوں میں حروفِ استفہام اور حروفِ تاکید کی شناخت کرتے ہوئے۔ | سمجھنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| درج ذیل جملوں میں حروفِ استفہام اور حروفِ تاکید کی شناخت کرتے ہوئے استفہامیہ اور تاکیدی جملے الگ الگ کر کے نیچے دیئے گئے کالم میں تحریر کریں۔<br>ا۔ کون آیا تھا؟<br>۲۔ تم آج ضرور سکول جاؤ گے۔<br>۳۔ حنا نے خط لکھا؟<br>۴۔ تم یہ کام ہر گز نہیں کرو گے۔<br>۵۔ کیا تم نے نماز پڑھی ہے؟<br>استفہامیہ جملے — تاکیدی جملے<br>ا۔ — ا۔<br>۲۔ — ۲۔<br>۳۔ — ۳۔ | سمجھنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-06-E-07)

رموزِ اوقاف (رابطہ) پہچان سکیں۔

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبیو بریک |
| --- | --- | --- | --- |
| علامتیں اور نام<br>سکتہ ،<br>وقفہ ؛<br>خاتمہ ۔<br>رابطہ :<br>تفصیلیہ :۔<br>سوالیہ ؟<br>ندائیہ اور فجائیہ !<br>قوسین ( )<br>واوین ‘‘ ’’<br>علامتِ خط ـــــ<br>علامتِ رابطہ کی تعریف لکھیں اور اس کے استعمال کی دو مثالیں دیں۔ | سمجھنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبیو بریک |
| --- | --- | --- | --- |
| درج ذیل جملوں میں دی گئی علامات میں سے درست علامت کا استعمال کریں۔<br>سوالیہ ؟<br>ختمہ ۔<br>فجائیہ اور ندائیہ !<br>سکتہ ،<br>وقفہ ؛<br>تفصیلیہ :۔<br>واوین ‘‘ ’’<br>رابطہ :<br>۱۔ جیسا کرو گے ویسا بھرو گے ، جیسا بوؤ گے ویسا کاٹو گے<br>۲۔ آج کا موسم خوش گوار ہے۔<br>۳۔ سبحان اللہ بہت خوب صورت منظر ہے۔<br>۴۔ جماعت ششم کے طالب علموں کے نام۔<br>۵۔ قائدِ اعظم نے فرمایا "کام، کام اور بس کام"<br>۶۔ آپ کا نام کیا ہے۔<br>۷۔ آہ میرے دوست کے والد دنیا میں نہیں رہے۔<br>۸۔ کسی نے سچ کہا ایمان داری بہترین حکمتِ عملی ہے۔<br>۹۔ بقول شاعر آدمی کو صاحب کردار ہونا چاہیے۔ | سمجھنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-06-E-08)

اسم کی بناوٹ کے لحاظ سے اقسام کی پہچان کر سکیں اور استعمال کر سکیں۔

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ: | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| مندرجہ ذیل الفاظ میں سے اسم جامد، اسم مصدر اور اسم مشتق الگ الگ کیجیے۔<br>لکھنا۔ پڑھنا۔ درخت۔ مکان۔ لکھائی۔ بناوٹ۔ دوڑنا۔ کتاب۔ رنگت۔ گراوٹ | جانچ پرکھ کرنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| ۱۔ اسم جامد کی تعریف لکھیں اور دو مثالیں بھی لکھیں۔<br>۲۔ اسم مصدر کی تعریف لکھیں اور دو مثالیں بھی لکھیں۔<br>۳۔ دو مثالیں دے کر اسم مشتق کی تعریف لکھیں۔ | جان پرکھ کرنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-06-E-09)

فعل کی اقسام بلحاظ معنی کو پہچان سکیں اور استعمال کر سکیں۔

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
| --- | --- | --- | --- |
| ۱۔ بلحاظ معنی فعل کی اقسام کے نام بتائیں۔<br>۲۔ فعل ناقص کی تعریف کریں اور مثال دیں۔<br>۳۔ فعل لازم اور فعل متعدی کا فرق واضح کریں۔<br>۴۔ فعل معدولہ کسے کہتے ہیں۔ مثال سے واضح کریں۔ | جانچ پرکھ کرنا | | |

| حتمی جائزہ | مہارت | نمبر | روبریک |
| --- | --- | --- | --- |
| درج ذیل مثالوں میں بلحاظ معنی فعل کی اقسام، فعل لازم، فعل متعدی، فعل ناقص اور فعل معدولہ کی وضاحت کریں۔<br>۱۔ دروازہ کُھلا<br>۲۔ اختر بیمار ہے۔<br>۳۔ ثمینہ نے کتاب پھاڑ دی۔<br>۴۔ فاروق بولا۔ احمد ہنسا | جانچ پرکھ کرنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-06-E-10)

سابقوں اور لاحقوں کا درست استعمال

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| درج ذیل سابقوں کی مدد سے تین تین الفاظ بنائیں۔<br>۱۔ بے:<br>۲۔ ہم:<br>۳۔ ان: | سمجھنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| درج ذیل لاحقوں کی مدد سے تین تین لفظ بنائیں۔<br>۱۔ گاہ:<br>۲۔ مند<br>۳۔ دار: | سمجھنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-06-E-11)

اپنی جماعت کے معیار کے مطابق کسی بھی نظم اور نثر پارے کو درست تلفظ آہنگ، حرکات وسکنات کے ساتھ بیان کر سکیں۔

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| پاکستان دنیا کا ایک خوب صورت ملک ہے۔ یہاں کے لوگ ایمان دار اور جفاکش ہیں۔ ہمارے ملک میں بے شمار سیاحتی مقامات ہیں جہاں ہر سال لاتعداد لوگ سیر و تفریح کے لیے جاتے ہیں۔ دولت مند ہوں یا غریب ہر کوئی تفریحی مقامات کی سیر کو ضرور جاتا ہے۔ | سمجھنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| درج بالا عبارت سے سابقے اور لاحقوں سے بنے الفاظ کو الگ الگ تحریر کریں۔ | سمجھنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-06-E-12)

مفرد اور مرکب جملوں میں فرق کر سکیں۔

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| ا۔ سادہ جملے کی مثال دے کر وضاحت کیجیے۔<br>۲۔ مرکب جملے کی مثال دے کر وضاحت کیجیے۔<br>۳۔ مرکب جملے کی مثال دے کر وضاحت کیجیے۔ | سمجھنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| درج ذیل دیئے گئے جملوں کے سامنے مفرد یا مرکب پر درست کا نشان لگائیے۔<br>جملے مفرد مرکب<br>سورج طلوع ہو رہا ہے۔<br>اُستاد صاحب نے اُردو اور انگریزی پڑھائی۔<br>اسلم میرا دوست بھی ہے اور ہمدرد بھی۔<br>محنت کرو گے تو کامیابی ملے گا<br>آہستہ چلو ورنہ گر جاؤ گے۔<br>آمنہ نے کھانا کھایا۔<br>پاکستان اسلامی ملک ہے۔ | سمجھنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-06-E-13)

الفاظ کا تلفظ سمجھتے ہوئے اعراب کا استعمال کر سکیں۔

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| لفظ کے درست تلفظ کے لیے اعراب (حرکات و سکنات) کا جاننا کیوں ضروری ہے۔ مثالوں سے واضح کریں۔ | سمجھنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| درست تلفظ واضح کرنے کے لیے درج ذیل الفاظ پر اعراب لگائیں۔<br>۱۔ صنعت<br>۲۔ فطرت<br>۳۔ مشکل<br>۴۔ علت<br>۵۔ بساط | سمجھنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-06-E-14)

محاورات اور ضرب الامثال کی پہچان کر سکیں اور استعمال کر سکیں۔

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| درج ذیل محاورات کو اس طرح جملوں میں استعمال کریں کہ ان کے معنی واضح ہو جائیں۔<br>۱۔ اینٹ سے اینٹ بجانا<br>۲۔ بال بال بچنا<br>۳۔ باغ باغ ہونا<br>ضرب الامثال:<br>درج ذیل ضرب الامثال کے مطالب واضح کریں۔<br>۱۔ آ بیل مجھے مار<br>۲۔ چراغ تلے اندھیرا<br>۳۔ ایک انار سو بیمار | سمجھنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| مندرجہ ذیل تراکیب میں سے محاورات اور ضرب الامثال کو الگ الگ کریں۔<br>ٹیڑھی کھیر<br>آسمان سے باتیں کرنا<br>کان کاٹنا<br>آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا<br>ہاتھی کے دانت کھانے کے اور دکھانے کے اور<br>سبز باغ دکھانا | سمجھنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-06-E-15)

تشبیہ کو پہچان سکیں اور استعمال کریں۔

حاصلاتِ تعلم کی سطح: زبان شناسی/ قواعد

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| درج ذیل جملوں میں تشبیہات کی وضاحت کریں۔<br>۱۔ احمد شیر کی طرح بہادر ہے۔<br>۲۔ میرا بیٹا چاند جیسا ہے۔<br>۳۔ اُس کے بال ریشم کی طرح نرم ہیں۔ | سمجھنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| تشبیہ کی تعریف کریں اور دو مثالیں دیں۔ | سمجھنا | | |

روبریک

| 9-10 | 5-8 | 3-5 | 0-2 |
|---|---|---|---|
| درست املا | املا کی چند غلطیاں | اِملا کی کچھ اغلاط | بہت زیادہ املا کی اغلاط |
| موضوع کے بالکل مطابق الفاظ کا انتخاب | چند غیر موزوں الفاظ کا انتخاب | کچھ نامناسب الفاظ کا انتخاب | غیر متعلقہ/ مناسب الفاظ کا انتخاب |
| جملوں کی مکمل درستگی | چند جملوں میں غلطیاں | جملوں میں کچھ اغلاط | غیر مناسب جملہ سازی |
| عبارت میں روانی ار تسلسل ہے | روانی کافی حد تک مناسب ہو | کچھ جملے ترتیب سے ہٹ کر ہیں | روانی کا فقدان |

ریوور کمنٹس

--------------------------------------------------------------------------------

--------------------------------------------------------------------------------

نام اور دستخط.......................................................